# The Absolute Reality

www.quran4u.com

## Noble Quran — الْقُرآن الْحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) — حضرت شاہ عبدِالقادر)) اردو ترجمہ بمعہ عربی

# سورۃ الانفطار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| جب آسمان چِر (پھٹ) جائے، | .1 |
| اور جب تارے جھڑ پڑیں (بکھر جائیں)، | .2 |
| اور جب دریا بہہ پڑیں، | .3 |
| اور جب قبریں اٹھائی جائیں۔ | .4 |
| جان لیوے (لے گا) جی (ہر شخص) جو آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا۔ | .5 |
| اے آدمی! کاہے سے بہکا تو اپنے رب کریم پر؟ | .6 |
| جس نے تجھ کو بنایا، پھر تجھ کو ٹھیک کیا، پھر تجھ کو برابر کیا۔ | .7 |
| جس صورت میں چاہا تجھ کو جوڑ دیا۔ | .8 |
| کوئی (ہرگز) نہیں! پر تم جھوٹ جانتے ہو انصاف ہونا۔ | .9 |
| اور تم پر نگہبان مقرر ہیں۔ | .10 |

| | |
|---|---|
| سردار لکھنے والے، | .11 |
| جانتے ہیں جو کرتے ہو۔ | .12 |
| بیشک نیک لوگ آرام میں ہیں، | .13 |
| اور بیشک گنہگار دوزخ میں ہیں، | .14 |
| پہنچیں گے اس میں انصاف کے دن، | .15 |
| اور نہ ہوں گے اس سے چھپ رہنے والے۔ | .16 |
| اور تجھ کو کیا خبر ہے کیسا ہے دن انصاف کا؟ | .17 |
| پھر بھی تجھ کو کیا خبر ہے کیسا ہے دن انصاف کا؟ | .18 |
| جس دن بھلا نہ سکے کوئی جی (نفس) کسی (دوسرے) جی (نفس) کا کچھ۔<br>اور حکم اس دن اللہ کا ہے۔<br>********** | .19 |

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com